آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) و وزارت اطلاعات و نشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ نمبر 243

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر احسان احمد سحر

ایڈیٹر محمد سلیمان فاروقی

منیجنگ ایڈیٹر نجم النساء بخاری

ٹیلیفون نمبر 062-2508053

موبائل 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 15 | بروز اتوار 2 جنوری 2022ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 264

غریب اور امیر کیلئے قوانین کی تفریق سے قومیں تباہ ہو جاتی ہیں، وزیر اعظم

انصاف اور قانون کی حکمرانی سے ہی قومیں پھلتی پھولتی ہیں، رسول اکرمؐ دنیا کی بہترین شخصیت تھے جن کا زور قانون کی حکمرانی تھا

اس وجہ سے ریاست مدینہ میں قانون کی حکمرانی پر سختی سے عمل کیا گیا، عمران خان کی سال نو کے پہلے روز بین الاقوامی اسلامک سکالرز سے وڈیو لنک پر گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ غریب اور امیر کیلئے علیحدہ قوانین قوموں کی تباہی کا باعث بن رہے ہیں، انصاف اور قانون کی حکمرانی سے ہی قومیں پھلتی پھولتی ہیں۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق وزیر اعظم عمران خان نے سال نو کے پہلے روز بین الاقوامی اسلامک سکالرز کے ساتھ ویڈیو لنک پر گفتگو کی، جس میں نوجوان نسل کو بنیادی قرآن پاک کی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نیب نے نواز شریف کے خلاف کیس بند کرنے سے متعلق رپورٹس کو بے بنیاد قرار دے دیا

اسلام آباد (یو این پی) قومی احتساب بیورو (نیب) نے سابق وزیر اعظم میاں نواز شریف کے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جامعہ اسلامیہ اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے پاکستان بھر کے طلباء طالبات کی توجہ کا مرکز بن چکی ہے

وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب

بہاول پور (پ ر) جامعہ کراچی اور این ای

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر نے بندرہ پلی بہاول پور کے مقام پر ممتاز ہسپتال کا افتتاح کیا

ہسپتال کے قیام سے علاقے کے لوگوں کو علاج معالجہ کی بہتر سہولیات میسر ہوں گی، ڈپٹی کمشنر

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاول پور

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سیکرٹری انفارمیشن ینگ پارلیمنٹیرینز فورم کے صدر مخدوم زین قریشی جنرل سیکرٹری کنول شوزب اور تاشفین شاہد پر تکلف عشائیہ

چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر ڈپٹی سپیکر قاسم سوری وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی اور وزیر اطلاعات فواد چوہدری کی شرکت

وائی پی ایف کے عشائیہ میں وفاقی وزراء، وزراء مملکت سینیٹروں اور اراکین قومی اسمبلی نے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد دی اور پھولوں کے گلدستہ پیش کئے

اسلام آباد (پ ر) ینگ پارلیمنٹیرینز فورم کے صدر مخدوم زادہ زین حسین قریشی جنرل سیکرٹری محترمہ کنول شوزب اور میڈیا کوآرڈینٹر محترمہ تاشفین شاہد چوہدری نے اپنی انتخابی کامیابی کی خوشی میں منسٹر انگلفو اسلام آباد میں پر تکلف

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد: اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر مخدوم زادہ زین حسین قریشی، محترمہ کنول شوزب اور محترمہ تاشفین شاہد چوہدری کو پھول دیتے ہوئے

چیف جسٹس پاکستان سمیت اعلیٰ عدلیہ کے 7 ججز رواں سال ریٹائر ہو جائیں گے

سپریم کورٹ میں اس وقت ایک جبکہ لاہور ہائیکورٹ میں 12 ججز کی آسامیاں خالی ہیں

لاہور (یو این پی) چیف جسٹس آف

بقیہ نمبر 35 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عثمان بزدار کا ڈاکٹرز کیلئے سال نو کا تحفہ ایڈہاک ڈاکٹروں و دیگر سٹاف کیلئے بڑے ریلیف کا اعلان

وزیر اعلیٰ نے محکمہ پرائمری و سیکنڈری ہیلتھ کے ایڈہاک ڈاکٹروں و دیگر سٹاف کی ملازمتوں میں ایک برس کی توسیع کی منظوری دے دی

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کا ڈاکٹرز کے لئے سال نو کا تحفہ، وزیر اعلیٰ عثمان بزدار نے نئے سال کے پہلے ہی روز محکمہ پرائمری و سیکنڈری ہیلتھ کے ایڈہاک ڈاکٹرز و دیگر سٹاف کیلئے بڑے ریلیف کا اعلان کیا ہے اور وزیر اعلیٰ عثمان بزدار نے محکمہ پرائمری و سیکنڈری ہیلتھ کے ایڈہاک ڈاکٹرز و دیگر سٹاف کی ملازمتوں میں ایک برس کی توسیع کا

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احساس راشن پروگرام کے تحت کریانہ سٹور کی ایپ کے ذریعہ آن لائن رجسٹریشن کا عمل جلد مکمل کیا جائے

رجسٹرڈ کیے گئے کریانہ سٹور کے مالک کے بینک اکاؤنٹ نیشنل بینک میں کھولے جائیں، ڈپٹی کمشنر

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے کہا ہے کہ احساس راشن پروگرام کے تحت کریانہ سٹور کی ایپ کے ذریعہ آن لائن

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حکومت کا 3 ماہ میں 2920 ارب روپے کی ٹیکس وصولی کا دعویٰ

کراچی (یو این پی) حکومت نے 3 ماہ میں 2920 ارب روپے کی ٹیکس وصولی کا دعویٰ کیا

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عوام کے جائز مسائل کے حل میں کسی قسم کی رکاوٹ ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی

کھلی کچہریوں کا انعقاد حکومت پنجاب کا عوام دوست انقلابی اقدام ہے، کمشنر بہاولپور

بہاول پور (پ ر) وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کی ہدایت کے مطابق کمشنر بہاول پور ڈویژن کیپٹن محمد ظفر اقبال نے پٹوار خانہ

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ضلع بھر کی تحصیلوں میں ہر ماہ کے پہلے دو ورکنگ ڈے ریونیو عوامی خدمت کچہری منعقد کی جارہی ہیں

تاکہ ایک ہی جگہ پر عوام کے ریونیو سے متعلق مسائل فوری حل کیے جاسکیں، ڈپٹی کمشنر

بہاول پور (پ ر) وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے پٹوار خانہ نزد ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس بہاول پور میں ریونیو عوامی خدمت کچہری میں سائلین کے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پٹرولیم کی قیمتوں میں اضافہ لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

استدعا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو کالعدم قرار دیا جائے

لاہور (یو این پی) پٹرول کی قیمتوں میں

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کسٹم نے پاک افغان سرحد طورخم پر کروڑوں کی منشیات پکڑ لی

اسلام آباد/ پشاور (یو این پی) پاک افغان

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پشاور میں سینیٹر شاہ محمود قریشی کی رہائش گاہ پر ڈکیتی کی کوشش ناکام

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) پشاور میں سینیٹر شاہ محمود قریشی کی رہائش گاہ پر ڈکیتی کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ ڈکیتی کی کوشش کرنے والے 2 ملزمان گرفتار کر لیے گئے۔ ڈکیتی کی کوشش ناکام بنانے والے پولیس اہلکار کو

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسسٹنٹ کمشنر ظہور احمد اعوان کی ریونیو عوامی خدمت کچہری عوامی مسائل کی درخواستوں پر احکامات

حکومت پنجاب کی ہدایت پر ہر ماہ کہ پہلی تاریخ کو ریونیو عوامی خدمت کچہری کا انعقاد کیا جارہا ہے جس میں سائلان کے مسائل موقع پر حل کئے جارہے ہیں خدمت ڈیسک قائم کر کے عوام کے مسائل ایک چھت کے نیچے نمٹائے جارہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر کی سائلان شہریوں اور حاضرین سے گفتگو، نائب تحصیلداران ملک حضور احمد، سراج الحق شیخ، اور غلام یسین شاکر عباسی بھی موجود تھے

احمد پور شرقیہ (پ ر) اسسٹنٹ کمشنر کا اپنے دفتر کے باہر ریونیو عوامی خدمت کچہری کا انعقاد، موقع پر سائلین کے مسائل حل کیے، درخواستوں پر احکامات بھی جاری کیے۔ تفصیل کے مطابق حکومت پنجاب کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ملک ظہور احمد اعوان نے نائب تحصیلدار اوسب رجسٹرار ملک حضور احمد، نائب تحصیلداران شیخ سراج الحق، غلام یسین شاکر عباسی، انچارج اراضی ریکارڈ سنٹر احمد پور شرقیہ احمد فراز، انچارج اراضی ریکارڈ سنٹر اوچ شریف حسنین سردار، گرداوران منیر گوندل، اسلم باجوہ، الیاس احمد، رانا محمد طارق، سلیم خان بلوچ، رشید احمد، فدا حسین، پٹواریان عبدالرحمٰن لنگاہ، سلیم اختر بلوچ، جام ارشاد احمد،

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ: اسسٹنٹ کمشنر ملک ظہور احمد اعوان، نائب تحصیلداران ملک حضور احمد، شیخ سراج الحق، لینڈ ریکارڈ انچارج جز فراز احمد، حسنین سردار و دیگر افسران کے ہمراہ احاطہ عدالت اے سی آفس کے باہر ریونیو عوامی خدمت کچہری میں سائلین کے مسائل سن کر حل کر رہے ہیں۔

پریس کلب چنی گوٹھ کے انتخابات شاہد بشیر آٹھویں مرتبہ صدر اور عبدالحفیظ انجم جنرل سیکرٹری منتخب

چنی گوٹھ پریس کلب کے نومنتخب عہدیداروں کی رسم حلف برداری کی تقریب ماہ فروری کے پہلے ہفتہ میں منعقد ہوگی

چنی گوٹھ (نامہ نگار) مرکزی پریس کلب چنی گوٹھ کے انتخابات مکمل ہو گئے، سینئر صحافی شاہد بشیر چوہدری آٹھویں مرتبہ بلا مقابلہ صدر جبکہ عبدالحفیظ انجم جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے۔ دیگر عہدیداروں میں سینئر نائب صدر چوہدری محمد خالد گجر، نائب صدر اول محمد عمران چوہدری، نائب صدر دوم ملک مظہر سعید، نائب صدر سوم شاہ میر

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تین نامعلوم مسلح نقاب پوش ڈاکوں نے چنی گوٹھ کے دو دکانداروں سے ساٹھ ہزار روپے لوٹ لئے

مسلح ڈاکوں نے واردتوں کا ارتکاب سرعام اڈہ چنی گوٹھ پر سلیم شاہ اور ملک ادریس کی دو دکانوں پر کیا

چنی گوٹھ (نامہ نگار) تین مسلح نقاب پوش ڈاکوں نے اسلحہ کی نوک پر سرشام دو دکانداروں سے ہزاروں روپے نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے۔ تفصیل کے مطابق سابق گزشتہ شام اڈہ چنی گوٹھ پر مقامی تاجر سلیم شاہ کی دوکان سے تقریباً 25 ہزار روپے اور ملک محمد ادریس سے 35 ہزار روپے نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی چنی گوٹھ پولیس موقع پر پہنچ گئی اور تمام چوراہوں کی ناکہ بندی کر دی اور ڈاکوں کی تلاش شروع کر دی ہے۔

وزیر اعظم عمران خان مافیا کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں جلد قابو پالیں گے، سماجی کارکن کا بیان

مبارک پور (خبر نگار) سماجی کارکن حاجی کاشف سعید عباسی نے کہا وزیر اعظم عمران خان کی لیڈر شپ سے عالمی سطح پر پاکستان کا وقار بلند ہوا آج مہنگائی کا ڈھونگ رچا کر پھر سیعوام کو بے وقوف بنانے والی سیاسی جماعتیں عوام کی نہیں اپنے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پیٹرولیم کی قیمتوں میں اضافہ عمران خان کا پاکستانیوں کیلئے نئے سال کا تحفہ ہے، بلاول بھٹو

کراچی (یو این پی) بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ عمران خان کا شہریوں کو نئے سال کا تحفہ ہے۔ پی پی چیئرمین نے کہا کہ مہنگائی کے خاتمے کا واحد

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کراچی: ڈکیتوں کی فائرنگ سے 1 پولیس اہلکار شہید

کراچی (یو این پی) کراچی میں سبزی منڈی کے قریب ڈکیتوں کی فائرنگ سے 1 پولیس اہلکار شہید ہو گیا ہے۔ ایس ایس پی قمر رضا جکھانی کا کہنا ہے کہ سبزی منڈی کے قریب شہری سے ڈکیتی

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ہماری جدوجہد کے باعث ادارو کو پی ٹی آئی ذرا ہاتھ کھینچنا پڑا، مولانا فضل الرحمٰن

2018 کے الیکشن میں منصوبہ بندی کے تحت تحریک انصاف کو مسلط کیا گیا اور ووٹ چوری کر کے عوامی مینڈیٹ کی توہین کی گئی

بلدیاتی انتخابات تاریخی کامیابی نے بین الاقوامی ایجنڈے پر عمل پیرا حکمرانوں کے عزائم خاک میں ملا دیئے، سربراہ پی ڈی ایم

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کا کہنا ہے کہ ہم نے تین سال قوم کو موجودہ سلیکٹڈ حکومت کے عزائم اور

آئی ایم معاہدے پر عملدرآمد پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ، حکومتی ترجمان میڈیا اور اپوزیشن پر برس پڑے

اسلام آباد (یو این پی) آئی ایم معاہدے پر عملدرآمد پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ، حکومتی ترجمان میڈیا اور اپوزیشن پر برس پڑے۔ ترجمان وزیر خزانہ مزمل اسلم نے کہا کہ بے جا تنقید میڈیا میں پٹرول کی قیمتوں سے لے کر چل

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مبارک پور میں قیام امن کیلئے پولیس کا تاجران سے تعاون یقینی بنایا جائیگا، چوہدری عبدالمجید

ایس ایچ او تھانہ نوشہرہ جدید مسلم ضیاء پر اعتماد ہے پولیس گشت کو علاقہ میں بڑھانے کی ضرورت ہے

مرکزی انجمن تاجران مبارک پور کے صدر کا چیئرمین سید برات حسین کے ہمراہ تاجروں سے خطاب

مبارک پور (خبر نگار) تاجروں کے حقوق کا تحفظ اولین ترجیحات شہر میں قیام امن کیلئے تاجر برادری کا پولیس سے تعاون کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا ان خیالات کا اظہار مرکزی صدر انجمن تاجران مبارک پور چوہدری عبدالمجید

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے رحیم یار خان کیمپس میں لاء کلاسز شروع کی جائیں، رئیس خالق داد چاچڑ

رحیم یار خان کیمپس میں لاء کلاسز کے اجراء سے گھوٹکی راجن پور اور رحیمیار خان کے طلبہ مستفید ہوں گے

نائب صدر پاکستان مسلم لیگ فنکشنل پنجاب کا وائس چانسلر سے مطالبہ

اوچ شریف (خبر نگار) اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور رحیم یار خان کیمپس میں لاء کی کلاسز شروع کرائی جائیں رئیس خالق داد چاچڑ، تفصیل کے مطابق پاکستان مسلم لیگ فنکشنل پنجاب کے سینئر

بقیہ نمبر 31 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب بلدیاتی الیکشن میں کامیابی کیسے یقینی بنائی جائے؟

وزیر اعظم عمران خان نے اراکین کو مشورے دینا شروع کر دیئے

اسلام آباد (یو این پی) وزیر اعظم عمران خان نے پاکستان تحریک انصاف کے ارکان پنجاب اسمبلی کو ہدایت کی ہے کہ وہ آئندہ بلدیاتی

بقیہ نمبر 32 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چنی گوٹھ: مرکزی پریس کلب چنی گوٹھ کے نومنتخب صدر شاہد بشیر چوہدری، جنرل سیکرٹری عبدالحفیظ انجم و دیگر عہدیداران۔

بچہ جمہورا

سنا استاد جی: چیئرمین بلدیہ نے چارج چھوڑنے کے بعد اعلان کیا کہ انکے اڈھائی سال کے دور میں ساڑھے گیارہ کروڑ روپے کے ترقیاتی کام کرائے گئے

ہاں بچے جمہورے: ملک عثمان رشید بوبک کی کوششیں لائق تحسین ہیں اپنے والد سابق چیئرمین ملک رشید بوبک مرحوم کی طرح ان کی ذات پر بھی کرپشن کا کوئی داغ نہیں لگا سمجھ گئے ناں

قاتلانہ حملے کے بعد بلال یاسین کا پہلا ویڈیو بیان سامنے آ گیا

میں نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد اپنے حلقے میں گھوم رہے تھا کہ اچانک 2 لوگ آئے

لاہور (یو این پی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رکن پنجاب اسمبلی بلال یاسین کا قاتلانہ حملے کے بعد پہلا بیان سامنے آ گیا۔ تفصیلات کے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نیا سال، نئی صبح، نئی امیدیں: ملکی ترقی و خوشحالی کیلئے پوری قوم دعا گو

سال نو پر اسلام آباد، کراچی، حیدر آباد اور پشاور سمیت مختلف شہروں میں آتش بازی کا مظاہرہ کیا گیا

لاہور (یو این پی) نئے خواب سجائے نئے سال کا پہلا سورج طلوع ہو گیا۔ لاہور، کراچی، پشاور سمیت کئی شہروں میں خوبصورت نظارہ دیکھا گیا۔ 2022 میں ملکی ترقی، خوشحالی، امن و استحکام کیلئے دعا کی گئی۔ سال نو پر اسلام آباد، کراچی، حیدر

بقیہ نمبر 34 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

2021 دیہی مرکز صحت مبارک پور میں 567 افراد کو کتوں کے کاٹنے کے واقعات رجسٹرڈ ہوئے

ماہ دسمبر میں دیہی مرکز صحت مبارک پور کے ریکارڈ کے مطابق 91 افراد کو کتوں نے کاٹ کر زخمی کیا

عمائدین علاقہ کا ڈپٹی کمشنر بہاولپور سے آوارہ کتوں کی تلفی کا مطالبہ مبارک پور سے شیراز حیدر خان کی رپورٹ

مبارک پور (رپورٹ شیراز حیدر خان) مبارک پور و گردونواح میں آوارہ کتوں کے غول کے غول گھومنے لگے بچوں اور خواتین میں خوف ہراس پھیل گیا، سال 2021 میں دیہی مرکز صحت میں تقریباً 567 افراد کتوں کے کاٹنے کے کیس

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مبارک پور: آوارہ کتوں کے غول سڑکوں پر گھوم رہے ہیں جبکہ دوسری جانب کتے کے کاٹنے سے زخمی ہونیوالے کم عمر نوجوان ہسپتال میں طبی امداد لے رہے ہیں۔

یونین کونسل 14 کے چیئرمین کا عہدہ خالی ہو گیا

الیکشن کمیشن نے ضمنی الیکشن کا شیڈول جاری کر دیا

اسلام آباد (یو این پی) الیکشن کمیشن نے یونین کونسل 14 کے چیئرمین کا عہدہ خالی ہو گیا۔ الیکشن کمیشن نے ضمنی الیکشن کا شیڈول جاری کر دیا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق ضمنی الیکشن 27 جنوری کو ہوگا۔ الیکشن کمیشن نے ضمنی الیکشن کے لیے ریٹرننگ افسر تعینات کر دیا۔ ریٹرننگ افسر کی

بقیہ نمبر 36 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عمران خان کی قیادت میں عالمی سطح پر پاکستان کا وقار بلند ہوا، کاشف سعید عباسی

وزیر اعظم عمران خان مافیا کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں جلد قابو پالیں گے، سماجی کارکن کا بیان

پیٹرولیم کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف قرارداد اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع

لاہور (یو این پی) نئے سال کے آغاز پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر اعلیٰ عثمان بزدار کی ہدایت پر مری میں سیاحوں کی سہولت کیلئے انتظامیہ کا ایکشن، غیر معیاری اشیاء فروخت کرنیوالے ہوٹل سیل

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کی خصوصی ہدایت پر مری میں سیاحوں کی سہولت کیلئے انتظامیہ کا ایکشن، انتظامیہ نے کھانے پینے کی غیر معیاری اشیاء فروخت کرنے والے ہوٹلوں کے خلاف

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امریکی خاتون وجیہہ سواتی کی لاش ٹھکانے لگانے والے 3 ملزمان بھی گرفتار

پاکستانی نژاد امریکی خاتون وجیہہ سواتی قتل کیس کی الجھی ہوئی گتھیاں سلجھنا شروع ہو گئیں

راولپنڈی (یو این پی) امریکی خاتون وجیہہ سواتی کی لاش ڈیرہ اسماعیل خان منتقل کرنے والے 3 ملزمان کو پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نئے سال پر نیا پاکستان قومی ہیلتھ کارڈ کا اجراء

وہ تبدیلی جس کا وعدہ ہمارے کپتان نے قوم سے کیا: عثمان بزدار

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے سال نو 2022ء کی آمد پر اہل وطن کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ نئے سال پر تحریک انصاف کی حکومت نے نیا پاکستان قومی ہیلتھ کارڈ کا اجراء کر دیا ہے اور یہ ہے وہ تبدیلی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عمران خان کی قیادت میں ایک مضبوط پاکستان کی جدوجہد جاری رہے گی، چوہدری محمد سرور

ہمارا عزم درپیش چیلنجز سے زیادہ بلند ہے، نیا سال قوم کیلئے امید کی کرن ثابت ہوگا

لاہور (یو این پی) گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور کا کہنا ہے کہ عمران خان کی قیادت میں ایک مضبوط پاکستان کی جدوجہد جاری رہے گی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے جاری کردہ ٹوئٹ پیغام میں چوہدری محمد سرور نے نئی سال کی

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملک میں مہنگائی: ایک سال کے دوران خوردنی تیل اور گھی 60 فیصد مہنگے

گوشت 20.4، چے 20.1، آٹا 19.1 اور گندم کے داموں میں 14.63 فیصد اضافہ ہوا

اسلام آباد (یو این پی) ملک میں گزشتہ برس کے دوران خوردنی تیل اور گھی کی قیمتوں میں 60 فیصد تک اضافہ دیکھا گیا ہے۔ ایک جانب وزیر اعظم سمیت تمام وزرا پاکستان کو سستا ترین ملک قرار دے رہے ہیں اور دوسری جانب ملک میں ہر روز

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملک میں مہنگائی 22 ماہ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

جولائی 2020 سے دسمبر 2021 تک مہنگائی کی شرح 9.8 فیصد تک بڑھ گئی

اسلام آباد (یو این پی) سال بدل گیا لیکن مہنگائی کی ماری پاکستانی قوم کی قسمت نہ بدل سکی۔ گزشتہ ماہ پاکستان میں مہنگائی ریکارڈ 22 ماہ کی بلند سطح پر پہنچ گئی۔ ایک رپورٹ کے مطابق دسمبر میں مہنگائی کی شرح 12.3 فیصد تک پہنچ گئی

بقیہ نمبر 30 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مخدوم افتخار الحسن گیلانی کے ترقیاتی کام انکے مخالفین کو ہضم نہیں ہو رہے، ریاض احمد بھٹہ

ترجمان شمس محل کی مخدوم محبوب عالم مہروی کے ہمراہ نور پور مکھن بیلہ میں ترقیاتی کام کی رسم افتتاح ادا کرنے کے بعد عمائدین سے گفتگو

اوچ شریف (خبر نگار) ترجمان شمس محل ایم پی اے مخدوم سید افتخار حسن گیلانی ریاض احمد بھٹہ نے وائس چیئرمین بختیاری مخدوم محبوب عالم مہروی المعروف رنگ علی سائیں کے ہمراہ نور پور، مکھن بیلہ میں ترقیاتی کاموں کا افتتاح کرنے کے موقع

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اوچ شریف: ترجمان شمس محل ریاض بھٹہ سید محبوب عالم مہروی ترقیاتی کاموں کا افتتاح کرنے کے بعد عمائدین علاقہ کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

حکومت اور اپوزیشن میں مختلف امور پر بات ہونی چاہیے، فواد چوہدری

اسلام آباد (یو این پی) فواد چوہدری نے نئے سال کے آغاز پر اپوزیشن کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھاتے ہوئے ملکی سیاست میں " تلخی کم کرنے " کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ وزیر

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ عمران خان کا پاکستانیوں کیلئے نئے سال کا تحفہ ہے، بلاول بھٹو

کراچی (یو این پی) بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ عمران خان کا شہریوں کو نئے سال کا تحفہ ہے۔ پی پی چیئرمین نے کہا کہ مہنگائی کے خاتمے کا واحد

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اداریہ

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ.....احمد پور شرقیہ

محترمہ کنول شوزب کا بطور جنرل سیکرٹری ینگ پارلیمنٹیرینز فورم انتخاب

بروز اتوار دو جنوری 2022

ینگ پارلیمنٹیرینز فورم پاکستان کے ایوان بالا سینٹ اور ایوان زیریں قومی اسمبلی کے نوجوان اراکین کا پلیٹ فارم ہے جسکے انتخابات کا ماہ دسمبر 2021 میں ڈول ڈالا گیا وزیر خارجہ محمود شاہ قریشی کے فرزند وفاقی پارلیمانی سیکرٹری مخدوم زادہ زین قریشی وائی پی ایف کے بلا مقابلہ صدر منتخب ہو گئے جبکہ تنظیم کے دوسرے بڑے عہدے جنرل سیکرٹری شپ کے لیے دختر احمد پور شرقیہ محترمہ کنول شوزب نے قسمت آزمائی کا فیصلہ کیا اُنہوں نے حریف اُمیدوار کے مقابلے میں 25 ووٹ زیادہ حاصل کئے۔

ہم محترمہ کنول شوزب کو ینگ پارلیمنٹیرینز فورم کا جنرل سیکرٹری منتخب ہونے پر مبارک پیش کرتے ہیں آپ سلیف میڈ خاتون رہنماء ہیں اپنی خداداد صلاحیتوں سے پہلے پاکستان تحریک انصاف شعبہ خواتین شمالی پنجاب کی صدر منتخب ہوئیں بعد ازاں وزیر اعظم عمران خان نے اُنہیں قومی اسمبلی کا ٹکٹ دیا چنانچہ وہ خواتین کی خصوصی نشستوں پر ایم این اے منتخب ہوئیں۔

محترمہ کنول شوزب کے والد کرنل محمد مسعود عزیز وڑائچ احمد پور شرقیہ کے رہائشی تھے جنہیں دفن بھی اپنی اس ماں دھرتی میں کیا گیا محترمہ کنول شوزب کے خاندان کا کوئی فرد سیاسی میدان موجود نہیں اس پس منظر میں کنول شوزب کے پہلے ایم این اے حکومتی ترجمان اور اب وائی پی ایف کے سیکرٹری جنرل کے عہدے پر اُن کا چناؤ نا صرف اُنکے خاندان بلکہ اہالیان احمد پور شرقیہ کے لیے بڑا اعزاز ہے۔

محترمہ کنول شوزب نے احمد پور شرقیہ کے طلبہ اور طالبات کے اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور آمد و رفت کے لیے تین بسوں کی فراہمی اور احمد پور شرقیہ میں اسلامیہ یونیورسٹی کے سب کیمپس کے قیام کا منصوبہ کی منظور کرایا جو یقیناً انکے زریں کارنامے ہیں۔ جنہیں ہمیشہ یاد رکھا جائیگا

ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا پٹوار خانہ نزد ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس بہاول پور میں منعقدہ ریونیو عوامی خدمت کچہری میں سائلین کے ریونیو سے متعلق مسائل سن رہے ہیں۔

بہاول پور: ڈی پی او محمد فیصل کامران کا محکمہ سے ریٹائر ہونیوالے کانسٹیبل کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا اہتمام کیا جارہا ہے۔

نمبر 01

تعلیمات کو اولین ترجیح بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انٹرنیشنل اسکالرز سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ رسول ﷺ دنیا کی بہترین شخصیت تھے جن کا زور قانون کی حکمرانی پر تھا، اسی وجہ سے ریاست مدینہ میں قانون کی حکمرانی پر سختی سے عمل کیا گیا۔ عمران خان نے کہا کہ آپ ﷺ کی مثالوں کو بنیاد بنا کر ان پر عمل کرنے سے ہی خوش حالی حاصل کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے قوموں کی تباہی کی وجہ غریب اور امیر ممالک کے علیحدہ قوانین کو قرار دیتے ہوئے کہا کہ سب کو ترقی کے لیے ریاست مدینہ کے بنیادی اصولوں پر چلنا ہوگا جو انصاف اور قانون کی حکمرانی ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ان 2 اصولوں کی بنیاد پر ہونے والی حکمرانی سے ہی قومیں ترقی کرتی ہیں کیونکہ وہی معاشرے ہمیشہ پھلے پھولے جہاں قانون کی حکمرانی ہو۔

نمبر 02

ڈی انجینئرنگ یونیورسٹی سے آئے ہوئے اساتذہ اور طلباء وطالبات کے وفد نے اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے دورے کے موقع پر وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب سے ملاقات کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ اسلامیہ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے پاکستان بھر کے طلباء طالبات کی توجہ کا مرکز بن چکی ہے۔ یونیورسٹی میں طلباء وطالبات کی ایک بڑی تعداد دیگر صوبوں گلگت بلستان، خیبر پختونخواہ، بلوچستان اور آزاد کشمیر سے زیر تعلیم ہیں۔ اس موقع پر مہمان اساتذہ اور طلباء وطالبات نے اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں جاری تعلیمی پروگراموں سے متعلق تبادلہ خیال کیا۔ ڈاکٹر آصف نوید رانجھا نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی میں 16 فیکلٹیوں میں 55 ہزار طلباء وطالبات زیر تعلیم ہیں۔ مرکزی بغداد الجدید کیمپس خوبصورتی اور ماحول دوست ہونے کی وجہ سے اپنی مثال آپ ہے۔ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے انجینئرنگ، ہیلتھ سائنسز، فارمیسی، سائنسز، سوشل سائنسز اور نرسنگ کے پروگرام اعلیٰ معیار کے ہیں اور ٹائمز ہائر ایجوکیشن کی رینکنگ کے مطابق اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور پاکستان بھر میں 12 ویں پوزیشن پر ہے۔ مہمان طلباء وطالبات نے اپنے دورے کے دوران قلعہ ڈراور، محلات اور دیگر تاریخی مقامات کی بھی سیر کی۔

نمبر 03

عرفان علی کاٹھیا نے بندرہ پلی بہاول پور کے مقام پر ممتاز ہسپتال کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر صدر بہاول پور پریس کلب شاہد بلوچ، ڈاکٹر گوہر بشیر، پروفیسر ڈاکٹر اجود، پروفیسر ڈاکٹر عرفان خان، پروفیسر ڈاکٹر خالد، ڈاکٹر مناف سعود، ڈاکٹر اسامہ سمیت عمائدین علاقہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر بہاول پور نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس ہسپتال کے قیام سے علاقے کے لوگوں کو علاج معالجہ کی بہتر سہولیات میسر ہوں گی۔ یاد رہے کہ ممتاز ہسپتال میں گائنی و بانجھ پن، امراض دل، امراض چشم، امراض گردہ و مثانہ، جنرل سرجری، بچوں کے امراض کے ماہرین ڈاکٹرز اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں جبکہ ہر اتوار کو فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد بھی کیا جائے گا اور فری میڈیکل کیمپ میں آئے ہوئے مریضوں کو مفت تشخیص سمیت ادویات بھی مفت فراہم کی جائیں گی۔

نمبر 04

خلاف پلاٹ الاٹمنٹ کیس بند کرنے سے متعلق میڈیا رپورٹس کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق نیب کی جانب سے جاری وضاحتی بیان میں نیب نے نیب لاہور کی جانب سے ایل ڈی اے پلاٹوں کی الاٹمنٹ انکوائری کے بند ہونے سے متعلق میڈیا کے ایک حصہ میں شائع اور الیکٹرانک میڈیا پر نشر کی گئی خبر کے حوالے سے ردعمل میں واضح طور پر سابق وزیراعظم نواز شریف کے خلاف پلاٹوں کی الاٹمنٹ کیس کو بند کرنے سے متعلق میڈیا رپورٹس کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ نیب نے واضح کیا ہے کہ نواز شریف کی جانب سے ایل ڈی اے پلاٹوں کی غیر قانونی الاٹمنٹ کے کیس کی انکوائری نیب لاہور میں جاری ہے اور اس کیس کو بند نہیں کیا گیا۔ عوام میں غلط رپورٹنگ کے ذریعے بے بنیاد معلومات کی فراہمی نہ صرف بددیانتی ہے بلکہ نیب کے خلاف مذموم مہم کا حصہ ہے۔ نیب توقع کرتا ہے کہ ذمہ دارانہ صحافت کے حقیقی روح کے مطابق نیب سے متعلق کسی بھی خبر کو شائع یا نشر کرنے سے قبل اس کی تصدیق کی جائے گی اور نیب ترجمان سے نیب کا سرکاری موقف حاصل کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل یہ خبر موصول ہوئی تھی کہ نیب لاہور نے سابق وزیر اعظم نواز شریف کے خلاف ایل ڈی اے پلاٹس کی الاٹمنٹ سے متعلق 21 سالہ پرانی انویسٹی گیشن بند کر دی۔ ڈی جی نیب سلیم شہزاد نے حتمی منظوری کے لیے فائل چیئرمین نیب کو بھجوا رکھی ہمیڈ یا کے مطابق نیب ذرائع کے مطابق کمبائنڈ انوسٹی گیشن ٹیم نے انکوائری رپورٹ میں انوسٹی گیشن بند کرنے کی سفارش کی تھی۔ ریجنل بورڈ میٹنگ میں پراسیکوشن ونگ نے بھی انوسٹی گیشن بند کرنے کی سفارش کی تھی۔ نواز شریف کے خلاف 3 اپریل 2000ء کو شکایت موصول ہوئی۔ سابق وزیراعظم سمیت 13 افراد کے خلاف غیر قانونی الاٹمنٹ کے خلاف انکوائری شروع کی۔ اس کیس میں میاں محمد نواز شریف چوہدری عبدالرحمن، فریدالدین احمد، سید علی کاظم، محمد اشفاق، احسان الحق، سید حسنات احمد، کرنل (ر) غضنفر علی خان، محمد خان، محمد جاوید، محمد سرور، رکن الدین، ناظم علی شاہ اور خالد اختر وغیرہ شامل تھے۔

نمبر 05

عشائیہ کا اہتمام کیا جس میں وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری وفاقی وزراء علی زیدی، علی محمد خان، عمر ایوب خان۔، فرخ حبیب، طارق بشیر چیمہ محترمہ زرتاج گل، چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری نے بھی شرکت کی۔ عشائیہ کے شرکاء نے مخدوم زادہ زین حسین قریشی محترمہ کنول شوذب اور محترمہ تاشفین شاہد چوہدری کی باترتیب ینگ وائی پی ایف کے صدر، جنرل سیکرٹری اور انفارمیشن سیکرٹری عہدوں پر انتخابی کا میابی پر مبارک باد دی، شرکاء تقریب نے مخدوم زادہ زین حسین قریشی محترمہ کنول شوذب اور محترمہ تاشفین شاہد چوہدری کو پھولوں کے گلدستے پیش کئے

نمبر 06

فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ عثمان بزدار نے ایڈہاک ڈاکٹرز و دیگر سٹاف کی ملازمتوں میں ایک برس توسیع کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے ایڈہاک ڈاکٹرز و دیگر سٹاف کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ ہزاروں ایڈہاک ڈاکٹرز و دیگر سٹاف کو حقیقی معنوں میں ریلیف ملے گا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے ایڈہاک ڈاکٹرز و دیگر سٹاف کو تنخواہوں کی ادائیگی پر وقت یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے اور کہا ہے کہ محکمہ پرائمری و سیکنڈری ہیلتھ کے ایڈ ہاک ڈاکٹرز و دیگر سٹاف کی تنخواہوں کی ادائیگی میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے فوری اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ایڈہاک ڈاکٹرز کے مسائل کا پورا احساس ہے۔ تحریک انصاف کی حکومت آئندہ بھی ڈاکٹرز کے مسائل کے حل کے لئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھے گی۔ شعبہ طب کی بہتری کیلئے تمام ضروری اقدامات اٹھائیں گے۔ ایڈہاک ڈاکٹرز و دیگر سٹاف کیلئے آسانیاں پیدا کرنے کیلئے ہر ممکن اقدام کریں گے۔ پنجاب حکومت ڈاکٹروں، نرسوں اور پیرامیڈیکل سٹاف کی خدمات کو سراہتی ہے۔

نمبر 07

رجسٹریشن کا عمل جلد مکمل کیا جائے۔ وہ اپنے دفتر میں احساس راشن پروگرام کے سلسلہ میں کیے گئے اقدامات کا جائزہ لے رہے تھے۔ اس موقع پر سسٹم نیٹ ورک ایڈمنسٹریٹر محمد عظیم ذیشان، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محمد عزیر، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ محمد خورشید، اے وی پی نیشنل بینک اختر نسیم، ضلع بھر کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اور یوٹیلٹی سٹورز کے نمائندہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ رجسٹرڈ کیے گئے کریانہ سٹور کے مالک کے بینک اکاؤنٹ نیشنل بینک میں کھولے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ افسران کم آمدن والے افراد کو احساس راشن رعایت پروگرام سے سہولت فراہم کرنے میں کردار ادا کریں اور اس سلسلہ میں تمام امور جلد مکمل کیے جائیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محمد عزیر نے بتایا کہ احساس راشن رعایت پروگرام کے تحت کریانہ سٹورز کی رجسٹریشن کا عمل تیزی سے مکمل کیا جارہا ہے۔ اس پروگرام کے تحت غریب خاندان کے ایک فرد کو آٹا، دالیں اور گھی و کوکنگ آئل کی خریداری پر ماہانہ ایک ہزار روپے کی رعایت دی جائے گی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ضلع بھر میں قائم یوٹیلٹی سٹورز سے بھی غریب خاندان کو یہ سہولت فراہم کی جائے گی۔

نمبر 08

ہے۔ وزیر مملکت اطلاعات ونشریات فرخ حبیب نے اپنے ٹوئٹر پیغام میں کہا ہے کہ رواں مالی سال کی دوسری سہ ماہی میں ایف بی آر کی جانب سے 32 فیصد اضافہ کیساتھ 2920 ارب کی ریکارڈ ٹیکس وصولیاں بہترین معاشی سرگرمیوں کی عکاسی کررہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ 2633 ارب کے ٹیکس ہدف سے بھی 287 ارب زیادہ ہے، گزشتہ سال اسی مدت میں 2204 ارب کا ٹیکس اکٹھا ہوا تھا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے ایک پیغام میں فرخ حبیب نے مزید کہا کہ صرف دسمبر کے مہینے میں 600 ارب کا ٹیکس اکٹھا کیا گیا ہے۔

نمبر 09

نزد ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس بہاول پور میں منعقدہ ریونیو عوامی خدمت کھلی کچہری میں آئے ہوئے سائلین کے ریونیو سے متعلقہ مسائل سنے اور ان کے حل کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شاہد عمران مارتھ اور اسسٹنٹ کمشنر بہاول پور سٹی نعیم صادق چیمہ سمیت دیگر متعلقہ افسران موجود تھے۔ کمشنر بہاول پور ڈویژن نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ریونیو عوامی خدمت کھلی کچہریوں کا انعقاد حکومت پنجاب کا عوام دوست انقلابی اقدام ہے اور کھلی کچہریوں میں آئے ہوئے سائلین کے ریونیو سے متعلقہ اور دیگر مسائل کے حل کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے جاتے ہیں۔ انہوں نے کھلی کچہری میں آئے ہوئے سائلین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چیف سیکرٹری پنجاب کی ہدایات کے مطابق نہ صرف تمام سرکاری محکمہ جات میں عوامی مسائل کے حل کے لئے اوپن ڈور پالیسی نافذ ہے بلکہ ڈسٹرکٹ اور ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز میں روزانہ کی بنیاد پر دن ساڑھے گیارہ بجے سے ساڑھے بارہ بجے تک جبکہ تحصیل کی سطح پر اسسٹنٹ کمشنرز کے دفاتر میں دن ساڑھے دس بجے سے ساڑھے گیارہ بجے تک تسلسل کے ساتھ کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جارہا ہے اور ان کھلی کچہریوں میں آئے ہوئے سائلین کے مسائل بغیر کسی رکاوٹ کے حل کرنے کے لئے عملی اقدامات بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ کمشنر بہاول پور ڈویژن نے مزید کہا کہ ریونیو عوامی خدمت کھلی کچہریوں میں درستگی ریکارڈ، فرد ملکیت کا اجراء، انتقالات کا اجراء، انکم سرٹیفکیٹ، رجسٹری، معائنہ ریکارڈ اور ڈومیسائل کے اجراء سمیت ریونیو سے متعلقہ دیگر تمام معاملات میں درپیش مسائل، مشکلات و شکایات کا ازالہ اور ان کے حل پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ انہوں نے ریونیو افسران سمیت دیگر تمام محکمہ جات کے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی خدمت کچہریوں کے ذریعے سائلین کے مسائل کے فوری حل کو یقینی بنائیں۔ ریونیو عوامی خدمت کچہری میں کاؤنٹرز برائے رجسٹری، درستگی ریکارڈ، معائنہ ریکارڈ، اندراج انتقالات اور دیگر ریونیو کاؤنٹرز قائم کئے گئے تھے جہاں ایک ہی چھت تلے عوام سے ریونیو سے متعلقہ مسائل کے حل کئے گئے۔ کمشنر بہاول پور ڈویژن نے کھلی کچہری میں آئے ہوئے سائلین کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جائز مسائل کے حل کے لئے کسی قسم کی رکاوٹ ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ کمشنر بہاول پور ڈویژن نے عوام الناس سے اپیل کی کہ ریونیو سمیت کسی بھی سرکاری محکمہ بارے شکایت کی صورت میں کھلی کچہریوں میں ضرور تشریف لائیں اور اپنے مسائل و شکایات کی نشاندہی کریں تاکہ آپ کے مسائل خاطر خواہ طریقے سے حل کئے جائیں۔

نمبر 10

اضافہ لاہور ہائیکورٹ میں پیش کر دیا گیا۔ درخواست چیئرمین جوڈیشل ایکٹوزم پینل کے سربراہ اظہر صدیق کی جانب سے دائر کی گئی ہے۔ درخواست میں وفاقی حکومت اور اوگرا سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے متعلق درخواستیں پہلے ہی لاہور ہائیکورٹ میں زیر سماعت ہیں، درخواستیں زیر سماعت ہونے کے باوجود پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کیا گیا ،استدعا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو کالعدم قرار دیا جائے۔

نمبر 11

ریونیو سے متعلق مسائل سنے اور ان کے حل کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی نعیم صادق چیمہ، سب رجسٹرار، محکمہ ریونیو کے افسران و متعلقہ فیلڈ عملہ موجود تھا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق ضلع بھر کی تحصیلوں میں ہر ماہ کے پہلے دو ورکنگ ڈے ریونیو عوامی خدمت کچہری منعقد کی جارہی ہیں تاکہ ایک ہی جگہ پر عوام کے ریونیو سے متعلق مسائل فوری حل کیے جاسکیں۔ ریونیو عوامی خدمت کچہری میں درستگی ریکارڈ، انتقالات کا اجراء، فرد ملکیت کا اجراء، رجسٹری، معائنہ ریکارڈ، انکم سرٹیفکیٹ اور ریونیو سے متعلق دیگر معاملات میں درپیش مسائل کے حل کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر کاؤنٹر برائے درستگی ریکارڈ، معائنہ ریکارڈ، فرد کا اجراء، اندراج انتقالات اور دیگر کاؤنٹرز قائم کیے گئے جہاں متعلقہ ریونیو فیلڈ سٹاف موجود تھا۔ ریونیو عوامی خدمت کچہری بہاول پور ضلع کی تمام تحصیلوں میں منعقد کی گئیں جن میں متعلقہ تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز نے لوگوں کے ریونیو سے متعلق مسائل اور شکایات سنیں اور ان کے حل کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ریونیو فیلڈ سٹاف موجود تھا۔

نمبر 12

سرحد طورخم پر کسٹم عملے نے افغانستان سے داخل ہونے والے ٹرک سے ساڑھے 7 کروڑ روپے مالیت کی منشیات برآمد کرلی۔ ایڈیشنل کلکٹر کسٹم محمد طیب کے مطابق کسٹم عملے نے طورخم سرحد پر افغانستان سے داخل ہونے والے ٹرک کے خفیہ خانوں سے 400 کلوگرام چرس اور 250 کلوگرام افیون برآمد کرلی۔ کسٹم حکام کے مطابق عالمی مارکیٹ میں اس منشیات کی قیمت ساڑھے 7 کروڑ روپے بنتی ہے۔ کسٹم عملے نے ٹرک کے ڈرائیور کو گرفتار کر کے ٹرک قبضے میں لے لیا۔

نمبر 13

رانا انوار احمد، محمد ارشد کمبوہ، محمد عارف، محمد اقبال بربرا اور یسین اعوان و دیگر ریونیو عملہ کے ہمراہ احاطہ عدالت میں اپنے دفتر کے باہر محکمہ ریونیو کے مسائل کے حل کیلئے ریونیو عوامی خدمت کچہری کا انعقاد کیا۔ عوامی خدمت کچہری میں تحصیل بھر سے سائلین نے شرکت کی جس میں عاطف حسین، زاہد حسین گھلو، ممتاز احمد، عبداللہ، منیر کاذ ر وغیرہ کی درخواستوں پر احکامات صادر کیے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ملک ظہور احمد اعوان نے سائلین، شہریوں اور صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کی ہدایت پر ہر ماہ کی پہلی تاریخ کو ریونیو عوامی خدمت کچہری کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ جس میں سائلین کے مسائل موقع پر حل کیے جارہے ہیں اور اسی طرح خدمت ڈیسک بھی قائم کیا گیا ہے جہاں ایک چھت کے نیچے سائلین کے مسائل مختلف شعبوں کے متعلقہ حل کیے جارہے ہیں۔ اس موقع پر رجسٹری برانچ ڈومیسائل برانچ اور اراضی ریکارڈ سنٹر کے کانٹر بھی لگائے گئے۔ جس میں موقع پر درستگی ریکارڈ، فرد کا اجراء، انتقالات کا اجراء، رجسٹری، انکم سرٹیفکیٹ، معائنہ ریکارڈ، ڈومیسائل کا اجراء اور ریونیو سے متعلقہ دیگر معاملات ریونیو عوامی خدمت کچہری کا حصہ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوامی خدمت کچہریوں کا دائرہ کار مزید بڑھایا جارہا ہے تاکہ عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کیے جاسکیں۔ انہوں نے انتظامیہ آفیسران اور اہلکاروں کو ہدایت کی کہ اوپن ڈور پالیسی کے تحت کام کریں، ڈیوٹی میں سستی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی جو بھی ملازم اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر پایا گیا اس کے خلاف محکمانہ کاروائی کی جائے گی۔ اس موقع پر رجسٹری کلرک عامر فاروق، خالد محمود، جہانزیب خان بلوچ، محمد وقاص بھٹی، معین خان بلوچ، وجاہت کلاچی اور پی اے ٹو اے سی محمد شہزاد اعوان موجود تھے۔

نمبر 14

خان، فنانس سیکرٹری رارضوان علی، جوائنٹ سیکرٹری احسان اللہ خان لاشاری، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری شکیل خان رند، سیکرٹری اطلاعات مطیع الرحمن ملک، سیکرٹری کلچرل ونگ ملک محمد آصف، چیئرمین مجلس عاملہ محمد اجمل باجوہ جبکہ ملک عطا الرحمن مدنی، رئیس بلال حسین، ملک حسن نائچ، زاہد بشیر، شہباز خان بلوچ اور چوہدری غلام مصطفیٰ ممبران مجلس عمل چن لئے گئے۔ مرکزی پریس کلب چنی گوٹھ کے عہدے داروں کی حلف برداری کی تقریب فروری کے پہلے ہفتے میں منعقد کراء جائے گی جس میں وفاقی وزیر نو منتخب عہدیداران سے حلف لیں گے۔

نمبر 15

نے چیئرمین انجمن تاجران سید برات حسین نقوی کے ہمراہ ذیلی تنظیموں کے صدوروں کیا جلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انھوں علاقہ میں امن کی فضا کو برقرار رکھنے کیلئے تھانہ نوشہرہ جدید میں نئے تعینات ہونے والے ایس ایچ او مسلم ضیا پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی انچارج تھانہ ھذا سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے مبارک پور سمیت علاقہ بھر میں پولیس گشت کو موثر بنانے کیلئے اقدامات اٹھائیں گے اجلاس میں شہر کی صفائی ودیگر امور پر بھی مشاورت کرتے ہوئے نئے سال 2022 کی آمد پر شہر کی تعمیر وترقی کیلئے بھرکام کا عزم کیا گیا اجتماعی دعا سید برات حسین نقوی نے کروائی جسمیں ملکی ترقی وخشحالی وسلامتی کیلئے دعا کی گئی اجلاس میں ملک اسلم چوہان ,شیخ الطاف ,راو مرتضی قادری ,ملک اشرف فاروقی, محمد عامر قریشی, مہر اختر سیال, ملک محمد رضا ,منور حسین خاکوانی ,ملک ایاز حسین بوھڑ ,سید ظہیر عباس ,محمد عاشق آرائیں, محمد ارشاد خاصخیلی نے شرکت کی۔

نمبر 16

اقتدار کی جنگ لڑنے میں مصروف ہیں انھوں نے کہا وزیراعظم بحران مافیا کے خاتمہ کیلئے پرعزم ہیں جلد قابو یا لیں گے۔

نمبر 17

خلاف مذمتی قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرادی گئی۔ مسلم لیگ (ن) کی رکن اسمبلی عنیزہ فاطمہ کی جانب سے جمع کرائی گئی قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ نئے سال کے آغاز پر حکومت نے فاقہ کشی پر مجبور عوام کے لئے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 4 روپے فی لٹر اضافہ کر دیا جس سے مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا۔ مطالبہ ہے کہ پٹرولیم مصنوعات اور دیگر اشیائے خوردونوش کی قیمت میں اضافہ واپس لے کر مزید کمی کی جائے۔

نمبر 18

کارروائی کی اور سیاحوں کی شکایات پر متعدد ہوٹل سیل کر دیئے اور ہوٹل انتظامیہ کے خلاف مقدمے درج کر کے جرمانے کئے گئے۔ پارکنگ فیس میں اوور چارجنگ پر بھی کارروائی کی گئی۔ زائد پارکنگ وصول کرنے پر متعلقہ افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کئے گئے۔ انتظامیہ نے مال روڈ، جھیکا گلی ،ویو فورتھ روڈ، جی پی او چوک، لوئر ٹوپا اور دیگر علاقوں میں کارروائیاں کیں۔ انتظامیہ کی جانب سے نئے سال کی آمد پر مری میں صفائی کے خصوصی انتظامات کئے گئے۔ متعلقہ محکموں کے افسران اور عملہ رات گئے تک صفائی میں مصروف رہا۔ ٹریفک رواں دواں رکھنے کے لئے ٹریفک حکام اور دیگر عملہ موقع پر موجود رہا۔ اسسٹنٹ کمشنر مری عمر مقبول رات گئے تک خود بھی تمام آپریشن کی نگرانی کرتے رہے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کہا کہ مری کی انتظامیہ اور متعلقہ حکام صفائی کے انتظامات او ٹریفک رواں دواں رکھنے کے لئے آج بھی خصوصی انتظامات کرے۔ کھانے پینے کی معیاری اشیاء کی مقرر کردہ نرخوں پر فراہمی یقینی بنائی جائے۔ غیر معیاری اشیاء فروخت کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سیاحوں سے اوور چارجنگ کسی صورت برداشت نہیں۔ انتظامیہ اوور چارجنگ کی روک تھام کے لئے مزید موثر اقدامات اٹھائے۔

نمبر 19

پرعمائدین علاقہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم پی اے مخدوم سید افتخار حسن گیلانی نے اپنے حلقہ میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے ہیں مخالفین کو انکے ترقیاتی کام ہضم نہیں ہو رہے ہیں انہوں نے کہا کہ مخدوم سید افتخار حسن نے وزیراعلی پنجاب سے ملاقات کر کے اپنے حلقہ کی تعمیر وترقی کے لیے مزید ترقیاتی کاموں کے لیے فنڈز کی منظوری کے لیے کوشش کی ہے انہوں نے کہا کہ حلقہ پی پی 254 میں ترقیاتی کاموں کی کوئی کسر نہیں چھوڑی جائیگی۔

نمبر 20

جس کا وعدہ ہمارے کپتان نے قوم سے کیا۔ یہ صرف کارڈ نہیں بلکہ عام آدمی کے احساس کا جامع پروگرام ہے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے سال نو کی آمد پر اپنے پیغام میں کہا کہ نیا پاکستان قومی صحت کارڈ کا اجراء پنجاب کے شہریوں کیلئے نئے سال کا تحفہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کو معاشرے کے محروم طبقات کی خدمت کا موقع دیا، جسے دل و جان سے نبھاتے رہیں گے۔ جس طرح ہم نے نیا پاکستان قومی صحت کارڈ شروع کیا ہے، اسی طرح عوام کی فلاح و بہبود کا سفر نئے سال میں جاری رہے گا ۔چیلنجز سے زیادہ بلند ہمارا عزم ہے 2022ء پاکستانی قوم کیلئے امید کی کرن لائے گا اور نیا سال پاکستان کی تاریخ میں ترقی کے نئے ریکارڈ قائم ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کی جانب سے ترقی کے سفر کو روکنے کی کوئی کوشش کامیاب نہیں ہوگی۔ عزت سے سر اٹھا کر جینا ہر انسان کا حق ہے اور ہم انہیں یہ حق دے رہے ہیں۔ ہمیں سال 2021ء کو الوداع اور نئے سال 2022ء کو خوش آمدید کہتے ہوئے اپنی کامیابیوں اور ناکامیوں کا بھی جائزہ لینا ہوگا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کہا کہ پاکستان کو خوشحال ملک بنانے کے لئے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لانے کے عزم کی تجدید کرتے ہیں

نمبر 21

اطلاعات نے سیاسی حریفوں کے ساتھ تعلقات کو ہموار کرنے کیلئے کہا ہے کہ "نئے سال 2022 کے آغاز پر میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں تلخی کو کم کرنے کی ضرورت ہے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن کو انتخابات، معیشت، سیاسی اور عدالتی امور پر بات کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک عظیم ملک ہے، ہمیں اپنی ذمہ داریوں کو سمجھنے کی ضرورت ہے پارلیمنٹ میں ہنگامہ آرائی عام آدمی کی نظروں میں سیاستدانوں کی ساکھ کو کم کرتی ہے اس سے سیاستدانوں کا وقار کم ہوتا ہے۔

نمبر 22

راستہ پی ٹی آئی کی حکومت کو ہٹانا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ عمران خان نے دعویٰ کیا تھا کہ 2021 خوشحالی کا سال ہوگا لیکن 2022 آ گیا، دعوے کہاں گئے؟ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں ملک میں ایک سال پہلے کے مقابلے میں زیادہ مہنگائی دیکھنے میں آئی لیکن وہ پچھلی حکومتوں پر الزام لگاتے رہے اور انہیں نااہل کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کرتے رہے۔ بلاول بھٹو نے دعویٰ کیا کہ پیپلز پارٹی نے دنیا کی تاریخ کے بدترین معاشی بحران کا سامنا کیا لیکن شہریوں کو مہنگائی کا شکار نہیں ہونے دیا۔ انہوں نے وفاقی حکومت پر زور دیا کہ وہ بین الاقوامی قیمتوں کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرے۔

نمبر 23

تفصیلات کے مطابق قتل کرنے والے ملزم متقولہ کے شوہر کی گرفتاری کے بعد اب کیس میں ایک نئی پیش رفت سامنے آئی، پولیس نے وجیہہ سواتی کی لاش کو ٹھکانے لگانے والے مزید 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے، اور اب کیس میں مجموعی طور پر ملوث تمام 6 ملزمان گرفتار کئے جاچکے ہیں، جن میں ایک خاتون بھی شامل ہے۔ میڈیا رپورٹ میں بتایا گیا کہ قتل کرنے والے ملزم متقولہ کے شوہر کی گرفتاری کے بعد اب کیس میں ایک نئی پیش رفت سامنے آئی، پولیس نے وجیہہ سواتی کی لاش کو ٹھکانے لگانے والے مزید 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے، اور اب کیس میں مجموعی طور پر ملوث تمام 6 ملزمان گرفتار کئے جاچکے ہیں، جن میں ایک خاتون بھی شامل ہے۔ گذشتہ برس تھانہ مورگاہ پولیس نے خاتون وجیہہ کے سابق شوہر رضوان کو گرفتار کیا گیا تھا۔ وجیہہ سواتی کے اغوا کا مقدمہ تھانہ مورگاہ راولپنڈی میں درج کیا گیا۔ ایف آئی آر کے مطابق وجیہہ سواتی 16 اکتوبر کو اسلام آباد آئیں، سابق شوہر نے گھر سے اغوا کرلیا، ایف آئی آر وجیہہ کے بیٹے کی مدعیت میں درج کی گئی۔ وکیل نے کہا کہ پولیس کی طرف سے وجیہہ کی بازیابی کے لیے تعاون نہیں کیا گیا، خاتون کو اس کی مرضی پر اپرٹی پر قبضہ کرنے کے لیے اغوا کیا گیا۔ وجیہہ کے بیٹے نے امریکہ سے پاور آف اٹارنی کے ذریعے ایف آئی آر درج کروائی۔ راولپنڈی سے اغوا ہونے والی پاکستانی نژاد امریکی خاتون وجیہہ سواتی کے کیس میں ہونے والی تحقیقات میں بہت سے اہم انکشافات ہوئے، اور بتایا گیا کہ امریکی خاتون سال میں دو مرتبہ اغوا ہو چکی ہیں۔ پولیس کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ امریکی خاتون وجیہہ سواتی 9 ماہ پہلے بھی تھانہ مورگاہ کی حدود سے اغوا ہوئی تھی، مارچ میں اغوا کی ایف آئی آر کا مدعی وجیہہ کا شوہر رضوان حبیب تھا، اس تحقیق کے بعد رضوان حبیب ایک مقدمے کا مدعی اور دوسرے کا ملزم نکلا، جس پر پولیس نے تحقیقات کا دائرہ وسیع کر دیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ 9 ماہ پہلے مارچ میں وجیہہ سواتی کو بچوں سمیت اغوا کا مقدمہ درج ہوا تھا، تاہم اس وقت درج ہونے والی ایف آئی آر 136/21 میں اغوا ثابت نہیں ہوا تھا، تاہم ایک اور انکشاف ہوا تھا کہ وجیہہ سواتی 9 ماہ پہلے بچوں سمیت بیرون ملک گئی تھی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ایک خاتون کے سال میں 2 مرتبہ اغوا کی تحقیقات جاری ہیں، ابھی خاتون کا سراغ تاحال نہیں مل سکا، لیکن اغوا